Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲ ربیع الثانی ۱۳۵۶ھ مطابق ۱۲ جون ۱۹۳۷ء جلد ۲۰

حصہ دوم

احکام عالی مرتبت منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲
احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۳
احکام اجلاس عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ	۴ و ۵
حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر	۵
نقشہ مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۶ و ۷
متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۸ لغایۃ ۱۰
نقشہ نرخنامہ اجناس	۱۱

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس عالیحضرت صاحب چیف منسٹر بہادر

اطلاع

۱۰ جون ۱۹۳۶ عیسوی

اب تک ہیڈ آف دی ڈپارٹمنٹ سکریٹریان و منسٹر رخصت پر ہیں ہر ہفتہ اجلاس ہمایوں میں رپورٹ پیش کئے جانے کی بابت پیشگاہ معلی سے حکم صادر فرمایا گیا ہے۔ عالیحضرت منسٹر صاحبان بہادر کو اپنے ماتحت افسران کی رخصت اتفاقیہ منظور کرنے کا اختیار ہے۔ اس لئے ضرورت ہے کہ عالیحضرت منسٹر صاحبان بہادر جن ہیڈز آف دی ڈپارٹمنٹ اور سکریٹریز کی رخصتیں منظور فرمایا کریں ان کا ایک نقشہ ہفتہ وار اجلاس ہذا میں روانہ فرمایا کریں تاکہ بہ تعمیل حکم ہمایوں ہفتہ وار رپورٹ اجلاس ہمایوں میں پیش کیجایا کرے۔ لہذا عالیحضرت منسٹر صاحبان بہادر ایک نقشہ بموجب نمونہ منسلکہ ہر ہفتہ بروز شنبہ اول وقت اجلاس ہذا میں براہ کرم ارسال فرمایا کریں۔ اگر اجلاس ہمایوں میں ہفتہ وار وقت پر رپورٹ پیش نہ ہوئی تو اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم کی ناخوشی کا باعث ہوگا لہذا پابندی کیساتھ تعمیل کیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل برائے اندراج گزٹ ہیڈ پریس کو بھیجی جائے۔

دستخط عالیحضرت صاحب چیف منسٹر بہادر

نمونہ نقشہ رخصت اتفاقیہ ہیڈز آف دی ڈپارٹمنٹ و سکریٹریز منظور شدہ
متعلق اجلاس عالیحضرت جناب صاحب ... منسٹر بہادر

من ابتداء ... لغایت ... ۱۹ ء

تاریخ	نام ملازم	عہدہ	تفصیل رخصت منظور شدہ		
			از	تا	ایام

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

ھدایت

۲ر جون ۱۹۳۶ء

چونکہ ڈیوٹنگ اسکول کی اندرونی حالت قابل اطمینان نہیں ہے۔ اس لئے یہ مناسب ہے کہ اسپیشل آفیسر صاحب [illegible] کو اوس کی حالت درست کرنے کی کوشش کرنا چاہیے۔ وہ بحیثیت سپرنٹنڈنٹ ڈیوٹنگ اسکول تا صدور ثانی کام کرتے رہیں۔ ہمارے پاس ڈیوٹنگ اسکول کی تجاویزات براہ راست نہیں آنا چاہئیں۔ بلکہ اسپیشل آفیسر صاحب کے توسط سے مع اون کی رائے اور تجویز کے آنا چاہیے۔ غیر اہم اور ضابطہ کے معاملات میں اسپیشل آفیسر صاحب خود ضروری احکامات اور ہدایات جاری کرنے کے مجاز ہیں۔ اہم معاملات میں وہ کاغذات ایک نوٹ کے ساتھ جس میں اون کی تجویز تحریر ہو کہ کیا جواب دیا جائے پیش کیا کریں۔ اسپیشل آفیسر صاحب اپنے دفتر میں ایک رجسٹر حاضری رکھیں جس میں ڈیوٹنگ اسکول کا اسٹاف اور صاحب ڈیوٹنگ اسکول دفتر و اسکول کے اوقات شروع اور ختم ہونے پر روزانہ دستخط کیا کریں۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اور اصل واپس کیا جائے۔

دستخط خاص عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تقرر

۵ر جون ۱۹۳۶ء

منشی وصی حسین جو سابق میں امین نو آبادی تھے اور بندوبست کے کام سے بخوبی واقف ہیں بسلسلہ تخفیف وہ ملازمت سے علیحدہ ہوگئے۔ اب تشخیص خانہ کرایہ ماندہ کے لئے ایک منصرم مشاہرہ [illegible] روپیہ ماہوار کی منظوری آچکی ہے۔ ایڈیشنل ناظم صاحب نے بوجہ کارکردہ ہونے اور عدم دستیابی کسی شخص کے جو اس کام کا اہل ہو۔ سید وصی حسین کے تقرر کی سفارش کی ہے۔ اور ۲۰ر فروری ۱۹۳۶ء سے کام لینا بھی شروع کر دیا ہے اور سررشتہ [illegible] نے اس تقرر سے اتفاق کیا ہے۔ لہذا سید وصی حسین کا تقرر بعہدہ منصرمی بندوبست خانہ کرایہ ماندہ بمشاہرہ [illegible] روپیہ ماہوار ۲۰ر فروری ۱۹۳۶ء لغایت ۱۵ر جولائی ۱۹۳۶ء تک منظور ہے۔ احکام صدارت سے جاری ہوں۔

دستخط خاص عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر

احکام اجلاس عالیمرتبت جناب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ

رخصت

مثل تحریر انجنیر صاحب ڈاٹو ورکس سے درخواست کلن خان فٹر ملازم ڈاٹو ورکس شاہرہ عارضی روپیہ میں مضمون کہ باجلاس عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پی ڈبلو ڈی گذارش ہو کہ کلن فٹر نے یوم استفادہ ایک ہفتہ کی رخصت کا متدعی ہے رپورٹ آڈٹ سکشن سے استحقاق رخصت پایا جاتا ہے لہٰذا التماس ہے کہ حکم منظوری رخصت رعایتی صادر فرمایا جاوے۔

حکم

حسب سفارش ایک ہفتہ کی رخصت رعایتی یوم استفادہ سے منظور ہے مرسشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

۳۱ مئی ۱۹۳۷ء

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ

معطلی

۵ جون ۱۹۳۷ء

صاحب اگزیکیٹو انجنیر تعمیرات کی رپورٹ ملاحظہ ہوئی چونکہ منشی سلطان حسین نقشہ نویس پہلے کئی مرتبہ ایسے قصور کے مرتکب ہو چکے ہیں اور انکو معافی دیکر تنبیہ کی گئی ہے لیکن انہوں نے اپنا رویہ نہیں بدلا لہٰذا ۲۹ مئی ۱۹۳۷ء سے تا صدور حکم ثانی معطل کیا جاتا ہے سرشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل اس کی درج گزٹ ہو

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ

بندہ ستا گرامی

عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر پی ڈبلو ڈی و ایجوکیشن

جناب عالی

منشی سلطان حسین نقشہ نویس کو کل کچھ کام نقشہ کا بتایا گیا تھا کہ آج اول وقت اسکو کر دیا جائے نقشہ نویس مذکور صبح دفتر میں آئے لیکن بکرہ دفتر سے چلے گئے اور پھر گیارہ بجے دفتر میں واپس ہوئے منشی سلطان حسین کو حسب اجازت جناب والا معطل کر دیا گیا ہے براہ کرم منظوری معطلی فرمائی جائے۔ ۲۹ مئی ۱۹۳۷ء

نیاز مند

دستخط صاحب اگزیکیٹو انجنیر تعمیرات

اعلان

رضا اسکول رامپور کیلئے حسب ذیل اساتذہ کی ضرورت ہے

(۱) استاد انگریزی - ایف - اے بی - ٹی تعلیمی تجربہ ضروری قابلیت سمجھی جاوے گی گریڈ ...

(۲) برائے تعلیم اردو فارسی - مولوی - منشی - منشی عالم - اردو اعلیٰ قابلیت انگریزی داں کو ترجیح دیجائے گی گریڈ ...

(۳) برائے تعلیم ہندی - پنڈت - درجہ اس قابلیت کا اور انگریزی داں کو ترجیح دیجائے گی گریڈ ...

درخواستیں اجلاس عالی میں ۲۰ جون ۱۹۳۷ء تک معہ نقول اسناد آنی چاہییں رامپور کے باشندگان کو ترجیح دیجائیگی سفارش بازی سعی بیجا ہوگی عرضیگذار کے لئے غیر مفید ثابت ہوگی۔

اصل برائے اشاعت گزٹ بلیغ سرکاری کو مرسلہ ایک نقل ... بھیجی جائے

(دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ)

اطلاع

۹ رجون ۱۹۳۶ء

مثبتہ رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب ٹیلیفون دربارہ اطلاع علیحدہ ہو جانے لائن ٹیلیفون شاہ آباد بوجہ موسم برسات از ۱۵ رجون ۱۹۳۶ء در بعد ختم برسات ۱۵ ر اکتوبر ۱۹۳۶ء کو نصب ہو جائیگا۔

حکم

بتصدرے باجرائے نقول ضابطہ جملہ عالیمرتبت منسٹر صاحبان کی ... اطلاع دیجائے کہ ہر سال موسم برسات میں لائن ٹیلیفون شاہ آباد علیحدہ کر لی جایا کرتی ہے لہذا امسال بھی ۱۵ رجون ۱۹۳۶ء سے لائن ٹیلیفون علیحدہ کیجائیگی۔ اور ۱۵ ر اکتوبر ۱۹۳۶ء تک سلسلہ گفتگو مسدود رہیگا۔ ایک نقل حکم کی برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب منسٹر تعلیم و کمیشن پبلک ورکس پارلیمنٹ

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

رخصت

۱۰ رجون ۱۹۳۶ء

معروضہ یادداشت انچارج رجسٹرار عدالت صدر مع درخواست ملفوفہ رخصت رعایتی چھ یوم منشی خورشید احمد محرر رجسٹری صدر از ۱۲ رلغایت ۱۷ رجون ۱۹۳۶ء بغرض شرکت شادی عزیز خود بمقام سہارنپور۔ مع تحریر فنانس صاحب جائنٹ سکریٹری بہادر (آڈٹ) مشعر تصدیق استحقاق رخصت معلوم۔

حکم

حسب استحقاق مصدقہ فائنانس آفس منشی خورشید احمد محرر رجسٹری کو رخصت رعایتی ۶ یوم کی ابتدائے ۱۲ رجون ۱۹۳۶ء لغایتہ ۱۷ رجون ۱۹۳۶ء دیا جانا منظور ہے۔ ایام رخصت میں منشی فضل احمد خاں محرر رجسٹری علاوہ اپنے کام کے منشی خورشید احمد کا کام بھی انجام دیں۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو ارسال کیجائے

دستخط عالی مرتبت صاحب کمنگ چیف جسٹس بہادر

فہرست مقدمات عدالت العالیہ محکمہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

فہرست مقدمات جنکی پیشی من ابتدائے ۴ جون ۱۹۳۰ء لغایت ۱۰ جون ۱۹۳۰ء بعدالت ہائی کورٹ ہوئی بغرض اشاعت گزٹ مشتہر سرکاری کو مرسل ہو۔

۱۰ جون ۱۹۳۰ء

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف جسٹس

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۴ جون ۱۹۳۰ء	جمعہ	تعطیل جمعہ			
۵ " "	شنبہ	اجلاس عالیہ جناب مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب	بجت شاہ وغیرہ بنام ساہ حمید	اپیل فوجداری بجرم دفعہ [illegible]	آج بحث سماعت ہوئی بغرض صدور تجویز [illegible]
"	"	"	محمد شفیق خاں بنام عبد العلیمان	اپیل دیوانی بدعوے ضمانت	وکیل اپیلانٹ نے کہا کہ باہم فریقین صلح کی گفتگو ہے مقدمہ ملتوی فرمایا جائے۔ لہذا مقدمہ [illegible]
"	"	صاحب چیف جسٹس بہادر و مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب	سرکار بہادر بنام علی محمد وغیرہ	اپیل برأت فوجداری بجرم دفعہ [illegible]	اپیل منظور ہو کر علی محمد، عبد المحسن [illegible] و عبد الحسین و میر محمد عثمان [illegible] ثبوت جرم [illegible] [illegible] کا ہر ایک [illegible] سزا [illegible]
"	"	"	عبد الحسین بنام عبد الرزاق وغیرہ	نگرانی فوجداری بجرم [illegible]	نگرانی مسترد ہو کر سزا [illegible] بحال رہی۔
"	"	"	عبد الرزاق وغیرہ بنام عبد الحسین وغیرہ	نگرانی فوجداری بجرم دفعہ [illegible]	نگرانی عبد الرزاق و میر محمد [illegible] منظور ہوئی [illegible] منظور ہو کر تجویز و حکم سزائے جرمانہ [illegible] عدالت مجسٹریٹی جنوبی منسوخ ہو
۸ "	یکشنبہ	مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	چھوٹے بنام مسماۃ محمدہ	اپیل فوجداری بجرم دفعہ ۳۲۳ ت	وکیل اپیلانٹ نے کہا کہ مقدمہ [illegible] مقدمہ ملتوی فرمایا جائے لہذا حکم ہوا کہ مقدمہ ملتوی [illegible]
"	"	"	سیتا دیوی بنام خورشید علیخاں وغیرہ	ابتدائی دیوانی بدعوے دلاپانے [illegible]	مدعا علیہا کے سمن تعمیل ہو کر نہیں آیا ہے [illegible] ۲۰ جون کو پیش ہو۔
"	"	"	دھنی رام بنام لکھن لال	اپیل دیوانی بدعوے [illegible]	بعد سماعت بحث زیر تجویز
۹ "	دوشنبہ	صاحب چیف جسٹس بہادر	جیون رام ساکن بنام منعم علیخاں	درخواست انتقال مقدمہ [illegible] [illegible]	درخواست سائل نامنظور ہو۔

نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ کارروائی
اجلاس عالی جناب مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	حفیظ اللہ خاں بنام رتن لال	ابتدائی دیوانی بدعوی انفکاک رہن مکان	وکلاء فریقین نے متفقہ طور پر ایک ہفتہ کے لئے التواء مقدمہ چاہا لہذا مقدمہ ۱۷ر جون کو پیش ہو۔
"	رتن لال بنام حفیظ اللہ	" بدعوی واپسی زر	ایضاً
"	محبوب علیخاں بنام حمیدی بیگم وغیرہ	" بدعوی تقسیم جائداد	وکیل حمیدی بیگم بیمار ہیں لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر تاریخ ۱۲ر جون کو پیش ہو
"	مسماۃ [illegible] جہاں بیگم بنام [illegible] حسین خاں	اپیل دیوانی بدعوی دخل مکان	وکیل اپیلانٹ بیمار ہیں لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر تاریخ ۱۲ر جون پیش ہو
"	محمد یونس خاں بنام مسماۃ [illegible] بیگم	" بدعوی تقسیم مکان	وکیل رسپانڈنٹ بیمار ہیں لہذا مقدمہ ۱۵ر جون کو پیش ہو۔
"	سرکار رامپور بنام بشیر	نوٹس حسب دفعہ [illegible]	بشیر نے بیان کیا کہ وہ وکیل کر کے جواب داخل کرے گا لہذا مقدمہ ملتوی ہو کر ۱۲ر جون کو پیش ہو۔
	[illegible] رام اپیلانٹ بنام لکھمن لال	اپیل دیوانی متفرقہ [illegible]	اپیل [illegible] بحکم [illegible] بحال [illegible]
اجلاس صاحب چیف جسٹس بہادر	حکیم شمس الدین بنام سعید نے میاں	نگرانی دیوانی بدعوے سوفی [illegible]	وکیل اپیلانٹ بیمار رہے وکیل رسپانڈنٹ کو التوائے مقدمہ میں کوئی اعتراض نہیں ہے لہذا مقدمہ ۱۵ر جون کو پیش ہو
"	بدرالدین بنام مسماۃ رئیس زمانی بیگم وغیرہ	درخواست انتقال مقدمہ از عدالت سول جج	ایک فریق ثانی پر تعمیل سمن ہو گئی لیکن دوسرے فریق ثانی پر تعمیل سمن نہیں ہوئی لہذا مقدمہ ۱۶ر جون کو پیش ہو
اجلاس مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سرکار رامپور بنام اصغر ملزم	ابتدائی سیشن بجرم دفعہ [illegible]	آج سرکاری گواہان ثبوت کے بیانات قلمبند ہوئے بقیہ ثبوت کیلئے ۱۳ر جون مقرر ہو
"	مسماۃ صغرا بیگم بنام [illegible] بیگم وغیرہ	اپیل دیوانی بدعوے دین مہر	وکیل رسپانڈنٹ بیمار رہے وکیل اپیلانٹ کو التوائے مقدمہ میں کچھ عذر نہیں ہے لہذا مقدمہ ۲۰ر جون کو پیش ہو۔
تعطیل سالگرہ ملکہ معظم قیصر ہند			
اجلاس عالی جناب مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	محبت شاہ وغیرہ بنام مسماۃ حمیدن وغیرہ	اپیل فوجداری بجرم دفعہ [illegible]	اپیل منظور ہو اور اپیلانٹان بعدم ثبوت جرم [illegible] بری ہوں۔
"	چھوٹے بنام مسماۃ عمدہ	" بجرم دفعہ [illegible]	آج بحث سنی گئی مقدمہ بغرض صدور تجویز ۱۳ر جون کو پیش ہو۔
"	شجاعت علی بنام [illegible] بیگم	اپیل دیوانی بدعوے انفکاک رہن مکان	وکیل اپیلانٹ بیمار رہے التوائے مقدمہ میں وکیل رسپانڈنٹ کو کوئی اعتراض نہیں ہے لہذا مقدمہ ۲۰ر جولائی کو پیش ہو۔
"	" بنام نوشہ خاں	" بدعوی وظیفہ [illegible]	ایضاً
"	" بنام محمد شاہ خاں وغیرہ	" بدعوی تخلیہ مکان	ایضاً
"	ہردے نرائن بنام منظور علی خاں	" نسبت قسط بندی زر ڈگری	وکیل رسپانڈنٹ کو اطلاع نہیں ہوئی لہذا مقدمہ ۱۳ر جون کو پیش ہو۔

احکام اجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل

رخصت

۶؍ جون ۱۹۳۶ء

مشتملہ درخواست منشی شفیق الہٰی اکاؤنٹ کلرک اسٹیٹ پریس مشاہرہ ۱۰ روپیہ ماہوار بابتہ عطائے رخصت رعایتی ۷ یوم از ۸ لغایت ۱۴ جون ۱۹۳۶ء معہ تذکرہ منیجر صاحب اسٹیٹ پریس بابتہ منظور فرمائے جانے رخصت مطلوبہ معہ تذکرہ اکاؤنٹ آفس آڈٹ بابتہ استحقاق رخصت رعایتی مطلوبہ۔

حکم

حسب سفارش منیجر صاحب اسٹیٹ پریس منشی شفیق الہٰی اکاؤنٹ کلرک مطبع کی ہفتہ کی رخصت رعایتی ۸ جون سے منظور ہے سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط جناب سکریٹری صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل

معافی جرمانہ

۶؍ جون ۱۹۳۶ء

مشمولہ درخواست منشی شفیق الہٰی اکاؤنٹ کلرک اسٹیٹ پریس بابتہ معافی جرمانہ مبلغ ایک روپیہ جو بماہ فروری ۱۹۳۶ء بعلت حاضری تاخیر کیا گیا تھا معہ تصدیق منیجر صاحب اسٹیٹ پریس بابتہ معاف کئے جانے جرمانہ بنظر پرورش۔

حکم

جرمانہ معاف کیا جاتا ہے آئندہ احتیاط رکھی جائے۔ بغرض اجرائے احکام سررشتہ متعلقہ کو مرسل ہو۔

دستخط جناب سکریٹری صاحب بہادر اسٹیٹ کونسل

احکام اجلاس جناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

مثنبہ رپورٹ اسپیشل آفیسر صاحب صنعت و حرفت
دربارۂ منظوری رخصت رعایتی یکماہ از یوم
استفادہ منیجر صاحب ویونگ اسکول بذمہ داری
منشی حبیب اللہ سینیئر ٹیچر متعلقہ آؤٹ سیکشن

حکم

بابت جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی منظوری بابت رخصت
مانیجر صاحب ویونگ اسکول صادر ہو چکی ہے۔ رخصت
استفادہ سے بذمہ داری منشی حبیب اللہ سینیئر ٹیچر شمار
جائے گی بغرض اجرائے احکام جناب صاحب ڈپٹی سکریٹری
کیخدمت میں مرسلہ ۱۰ر مئی ۱۹۳۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

مثنبہ رپورٹ ڈائرکٹر صاحب زراعت بدیں خلاصہ
کہ منشی مظہر حسین نائب رجسٹرار قانونگوئی تحصیل سوار
مشاہرہ ۱۰۰ر مبلغ سو روپیہ ماہوار کی رخصت ۲ر اپریل
لغایت ۱۱ر مئی ۱۹۳۶ء بوضع تنخواہ بعیوض بیگوتی
پرشاد منظور فرمائی جائے مبلغ ۱۵ ماہوار تنخواہ
بعیوض کو دی جائے اور تین روپیہ ماہوار بحق سرکار بچت ہو۔

حکم

مظہر حسین نائب رجسٹرار قانونگوئی کی رخصت بوجہ علالت خود بعیوض بیگوتی پرشاد
از ۲ر اپریل لغایت ۱۱ر مئی ۱۹۳۶ء تک منظور ہو۔ منجملہ تنخواہ کے ۱۵ ماہوار عیوض کو ملینگے
بقیہ روپیہ بحق سرکار بچت ہونگے۔ بغرض اجراء احکام کارروائی آئندہ واپس ہو۔
۱۹۳۶ء

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

برائے اجرائے احکام خدمت جناب ڈپٹی سکریٹری صاحب محکمہ مرسلہ
۱۹۳۶ء دستخط ڈائرکٹر صاحب زراعت

حکم اجلاس جناب صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

رخصت

معروضہ رپورٹ سینیئر سپرنٹنڈنٹ صاحب اکاؤنٹ
و خزانہ دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی چند
یوم مطلوبہ منشی انوار حسین خاں اہلمد اکاؤنٹ
سیکشن مشاہرہ مبلغ بیس روپیہ ماہوار
از ۲۴ر مئی لغایت ۷ر جون ۱۹۳۶ء بسلسلہ
رخصت سابقہ بغرض معالجہ اہلیہ خود۔
مع رپورٹ سینیئر سپرنٹنڈنٹ صاحب آڈٹ
متعلق تصدیق استحقاق رخصت مذکورہ۔

حکم

منشی انوار حسین خاں کی رخصت مزید رعایتی پندرہ ۱۵ یوم
۲۴ر مئی سے ۷ر جون ۱۹۳۶ء تک بذمہ داری محمد بشیر خاں
منظور ہے سر رشتہ متعلقہ سے احکام جاری ہوں۔
۲ر جون ۱۹۳۶ء

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

حکم دفتر ڈپٹی سکریٹری صاحب محافظ خانہ جات سکشن ۲

رخصت

۸ جون ۱۹۳۶ء

مصدرہ رپورٹ محافظ دفتر صاحب فوجداری سکشن نمبر ۲ مع درخواست و نقشہ رخصت رعایتی ایک ماہ منشی عبد الوحید خاں اہلمد محافظ خانہ مذکور مشاہرہ دار پندرہ روپیہ از یوم استفادہ و بدر بارہ داری منشی محمد شکور خاں اہلمد محافظ خانہ مسطورہ بغرض روانگی ضلع بریلی بضرورت انتظام زمینداری خود ـ مع تحریر فارصاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) مشعر تصدیق استحقاق رخصت مطلوبہ

حکم

منشی عبد الوحید خاں اہلمد محافظ خانہ فوجداری کی رخصت رعایتی ایک ماہ از یوم استفادہ و بدر بارہ داری منشی محمد شکور خاں اہلمد محافظ خانہ فوجداری بموجب تصدیق فائنانس آفس منظور کی جاتی ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب محافظ خانہ جات سکشن نمبر [illegible]

حکم دفتر ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

تقرر

۸ جون ۱۹۳۶ء

بجٹ سال ۱۹۳۶-۳۵ء میں چند اسامیان کا مدار منظور ہو چکی ہیں لہذا مسمی رشید اللہ خاں ولد عزیز اللہ خاں باشندہ رامپور کا تقرر یکم مئی ۱۹۳۶ء سے اور مسمی ظہور الحق ولد عبد القادر ساکن رامپور کا تقرر یکم جون ۱۹۳۶ء سے بمشاہرہ پندرہ پندرہ روپیہ بزمرہ کا مدار منظور کیا جاتا ہے ان امیدواران کا سروس سکشن ہو چکا ہے یہ اشخاص چھ ماہ تک پندرہ پندرہ روپیہ ماہوار مشاہرہ پائیں گے اور بعد چھ ماہ بشرط حسن انجام دہی خدمات متعلقہ گریڈ کی تنخواہ اٹھارہ اٹھارہ روپیہ ماہانہ مشاہرہ [illegible]

حسب ضابطہ احکام جاری ہوں ۸ جون ۱۹۳۶ء

دستخط ڈپٹی ڈائرکٹر صاحب زراعت

حکم دفتر ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر

رخصت

مصدرہ رپورٹ محافظ دفتر صاحب صدر سکشن نمبر [illegible] مع درخواست و نقشہ رخصت مزید رعایتی دس یوم منشی برجباسی لال اہلمد محافظ خانہ مذکورہ مستقر کا مشاہرہ دار پندرہ روپیہ از ۲۰ جون ۱۹۳۶ء بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ بقاء ضرورت واقعہ متعلق بیماری اہلیہ مع تحریر فارصاحب فائنانس سکریٹری بہادر (آڈٹ) مشعر تصدیق استحقاق رخصت مطلوبہ

حکم

حسب تصدیق دفتر آڈٹ منشی برجباسی لال اہلمد کی رخصت رعایتی دس یوم از ۲۰ جون ۱۹۳۶ء بسلسلہ رخصت سابقہ منظور کی جاتی ہے۔ کام کے ذمہ دار منشی گردھاری لال اہلمد رہیں گے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۰ جون ۱۹۳۶ء — دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ دوئم ماہ جون

جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
...دم	۱۰|۱۱ار	۱۱ار			۱۰|۱۱ار	۱۱|ار	تحصیل ملک و بلاسپور سے نقشہ جات نہیں آئے ہیں
...خاص	۱۵|۱۲ار	۱۰|۵ار			۱۰|۹ار	۱۰|۵ار	
...گ ...ز	۱۰|۷ار ۱۳|ار	•			۱۱|۶ار	۱۰|۹ار	
...لت	۱۲|۱۰ار ۱۲|۹|۱۰ار	۱۰|۱۲ار			۱۱|۸ار	۱۰|۶ار	
...ش	۹|ار ۱۰|۹ار	۱۰|۱۰ار			۹|ار	۱۰|۹ار	
...نگ	۱۰|۹ار ۱۰|۶ار	۱۰|۸ار			۸|ار	۹|ار	
...ج	•	•			۱۱|۹ار	•	
جئی	۱۲|۱ار ۱۰|۹ار	•			۱۲|۱۰ار	۱۲|۱۰ار	
...جوجئی	•	•			۱۱|۷ار	۱۱|۶ار	
...سس	۱۳|۱۰ار ۱۳|۱۰ار	۱۰|۱۳ار			۱۳|ار	۱۰|۱۳ار	
...رہر	۱۱ار ۱۳|۱۰ار	۱۰|۱۳ار			۱۰|۱۳ار	۱۰|۱۳ار	
...برنج	۶|۱ار ۶|۱ار	۱۰|۱ار ۶|ار			۸|ار	۸|ار	
...غن زرد	۵|۱ار ۵|۱ار	۵|ار			۵|۱ار	۵|ار	
...ن سیاہ	•	۵|۱ار			۱۰|۳ار	۱۰|۳ار	
...غن کنجد	•	۱|۱ار			۳|ار	•	
...سانبھر	۹|ار	۹|ار			•	۱۰|۹ار	
...لاہوری	۷|ار	۶|ار			•	۸|ار	
...سیاہ	۱۲|۱۰ار ۱۳ار	۱۰|۱۲ار			۳|ار	۱۰|۵ار	
...جو	•	•			•	•	

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)